
مسائل قربانی

مستند کتب کے
حوالہ جات سے مزین

اور غیر مقلدین



از قلم

مناظر اسلام ترجمان مسلک رضا مبلغ اہل سنت
حضرت علامہ ابو حذیفہ محمد کاشف اقبال مدنی رضوی
مدظلہ العالی

کرمانوالہ بک شاپ

مستند کتب کے حوالہ جات سے مزین

مسائل قربانی اور غیر مقلدین

از قلم

مناظر اسلام ترجمان مسلک رضا مبلغ اہل سنت

حضرت علامہ ابو حامد پیر محمد کاشف اقبال مدنی رضوی
ابو حنیفہ سیف

مدظلہ العالی

کرماں والا بک شاپ

Ph: 042 7249 515

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم صل علی محمد
وعلی آل محمد کما صلیت
علی ابراھیم وعلی آل ابراھیم
انک حمید مجید ٥
اللھم بارک علی محمد وعلی
آل محمد کما بارکت علی
ابراھیم وعلی آل ابراھیم
انک حمید مجید ٥

بفیضانِ کرم

حضرت سید السادات پیر محمد اسماعیل شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

آستانہ عالیہ
المعروف حضرت کرماں والے حضرت کرماں والا شریف
اوکاڑہ


شیر باغ ولایت
حضرت سید محمد علی شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

مشعل راہ طریقت
حضرت سید محمد عثمان علی شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

حضرت پیر سید غضنفر علی شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

حضرت پیر سید صمصام شاہ بخاری دامت برکاتہم العالیہ

حضرت پیر سید میر طیب علی شاہ بخاری



حاجی انعام اللہ لطفی نقشبندی برکاتی

زیر اہتمام
سمیع اللہ برکت

اشاعت 2008 ، قیمت 50 روپے

انتساب

راقم الحروف فقیر مدنی اپنی اس کاوش کو:

☆ امام الآئمہ سراج الآمہ کاشف الغمہ امام المحدثین و الفقہاء جلیل القدر تابعی سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت رضی اللہ عنہ

☆ اعلیٰ حضرت امام اہل سنت مجدد دین وملت امام عاشقاں شیخ الاسلام والمسلمین، کشتۂ عشق رسالت وکیل احناف امام الشاہ احمد رضا خاں بریلوی رضی اللہ عنہ

☆ آفتاب علم وحکمت منبع رشد وہدایت محدث اعظم، قطب عالم، سیدنا مولانا ابوالفضل محمد سردار احمد صاحب علیہ الرحمۃ فیصل آبادی

☆ شیر اہل سنت، مجاہد اسلام، استاذ العلماء، حضرت علامہ مولانا مفتی محمد عنایت اللہ صاحب قادری رضوی علیہ الرحمۃ سانگلوی

☆ شیخ طریقت، نائب محدث اعظم پاکستان، نقشہ اعلیٰ حضرت فنافی الرضا حضرت، علامہ مولانا ابومحمد محمد عبدالرشید صاحب قادری رضوی علیہ الرحمۃ آف سمندری شریف

☆ شہید ناموس رسالت، فاتح نجدیت، قاطع دیوبندیت، مجاہد ملت،
حضرت مولانا ابوالحامد محمد اکرم رضوی صاحب علیہ الرحمۃ آف کاموکی

کے اسماء مبارکہ سے منسوب کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہے۔

محمد کاشف اقبال مدنی
مدرس جامعہ غوثیہ رضویہ مظہر اسلام سمندری شریف

وجہ تالیف

یہ دور بڑا پُرفتن دور ہے۔ اہلِ سنت و جماعت پر ہر طرف سے حملوں کی بھرمار ہے۔ دیوبندی، وہابی، شیعہ، قادیانی وغیرہ جتنے بدعقیدہ و بدمذہب ہیں اہلِ سنت کے خلاف ریشہ دوانیوں میں مصروف ہیں۔ عوام اہلِ سنت کو گمراہ کرنیکی کوشش کی جا رہی ہے۔ سال میں کوئی موقع خواہ خوشی کا ہو یا غمی کا' ایسا نہیں ہے جو ان لوگوں کے فتنہ سے محفوظ ہے۔ اب تو کوئی شہر کوئی گاؤں ایسا نہیں ہے جہاں ان فتنہ بازوں نے شرانگیزی نہ شروع کر رکھی ہو۔ عیدِ قربان کا موقع آتا ہے تو اِدھر مہینہ کی ابتداء ہونے ہی والی ہوتی ہے اُدھر وہابیہ کی طرف سے اشتہار و رسائل تقسیم کیے جاتے ہیں کہ اہلِ سنت بدعتی ہیں مشرک ہیں' ان کا وہ مسئلہ حدیث کے خلاف ہے وہ مسئلہ خلاف ہے وغیرہ۔ مناظرِ اسلام مولانا محمد عبدالتواب صاحب کے حکم پر فقیر راقم الحروف نے چند ایک مسائل جن پر یہ لوگ شور برپا کرتے ہیں' کے متعلق مختصر مگر جامع اہلِ سنت کا مؤقف، دلائل اور وہابیہ کے دلائل کے منہ توڑ جوابات تحریر کر دیئے ہیں تاکہ عوامِ اہلِ سنت ان کے فریب میں نہ آسکیں۔

یہ بات بھی یاد رکھنی چاہئے کہ وہابیہ دیوبندیہ سے ہمارا اصل اختلاف ان فروعی مسائل میں نہیں ہے بلکہ اصل اختلاف تو یہ ہے کہ وہابی دیوبندی حضور سیّد عالم ﷺ کے بے ادب و گستاخ ہیں۔ ان سے ہمارا پہلا مطالبہ تو یہ ہے کہ وہابی دیوبندی اپنا مسلمان ہونا ثابت کریں اور یہ وہ چیز ہے جس سے وہابیہ آج تک

عاجز ہیں۔ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی اور محدثِ اعظم پاکستان مولانا محمد سردار احمد صاحب بلکہ عرب و عجم کے علماء کا یہی فتویٰ ہے کہ وہابی دیوبندی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بے ادب و گستاخ ہونے کی وجہ سے کافر و مرتد ہیں۔ اس تحریر کے وقت فقیر کو مناظرِ اسلام مولانا محمد ارشد القادری علیہ الرحمۃ یاد آ رہے ہیں جو تمام علمی معاملات میں فقیر کی معاونت فرماتے تھے۔ مولیٰ تعالیٰ مرحوم کی بخشش و مغفرت فرمائے آمین۔ عزیزم حافظ محمد قمر جاوید صاحب اور عزیزم محمد ندیم صاحب نے فقیر کو ان مسائل پر تحریر کرنے کی طرف توجہ دلائی تھی مگر بعض مصروفیات آڑے آئیں مگر اب بحمد اللہ تعالیٰ ان کی آرزو بھی پوری ہوگئی' مولیٰ تعالیٰ قبول فرمائے۔ آمین۔

فقیر پر ان کاوشوں کی وجہ سے نائب محدثِ اعظم پاکستان حضرت علامہ مولانا ابو محمد محمد عبدالرشید صاحب قادری رضوی علیہ الرحمۃ کی بھی خاص نظرِ شفقت تھی۔ مولیٰ تعالیٰ حضور علیہ السلام کے وسیلۂ جلیلہ سے فقیر کی اس کاوش کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے۔

(آمین ثم آمین)

خادمِ اہلِ سنت
محمد کاشف اقبال مدنی
شاہ کوٹ، ضلع شیخوپورہ
فون 0300-4128993
۵-شوال المکرم ۱۴۲۳ھ